© rasailojaraid.com


## تعارف و تبصرہ

ادارہ

# کتب

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ مواعظ حسنہ : | صفحات ۱۵۸ | قیمت ۸/۲۵ روپے | | ناشر |
| ۲۔ عالمِ برزخ : | " ۹۴ | " ۴/- روپے | | مکتبۂ عثمانیہ |
| ۳۔ مسئلہ تعلیم : | " ۴۸ | " ۲/۷۵ روپے | | جامعہ اشرفیہ۔ مسلم ٹاؤن۔ لاہور |

شیخ الحدیث حضرۃ مولانا حافظ الحاج محمد ادریس کاندھلوی قدس اللہ سرہٗ پاک و ہند کے ان چند بزرگ ہستیوں میں سے تھے جو اپنی علمی قابلیت، تصنیف و تالیف، اور اخلاص و تواضع میں معروف و مشہور ہیں ۲۲ سال کی عمر میں دار العلوم دیوبند میں تدریس کے فرائض انجام دینے لگے اور پھر تقسیم ملک تک تقریباً اٹھارہ سال شیخ التفسیر کے اہم عہدہ پر فائز رہے۔ جامعہ عباسیہ بہاولپور اور پھر وفات ۸ رجب ۱۳۹۴ھ تک جامعہ اشرفیہ لاہور کے شیخ الحدیث رہے۔ دینی، اصلاحی موضوعات پر تقریباً ایک سو تصنیفات تحریر فرما چکے ہیں۔ مندرجہ بالا تین رسائل بھی ان کے یادگار ہیں۔ ۱۔ مواعظ حسنہ :۔ مقاصد بعثت، عصمت انبیاء کرام، عقل کی تعریف مقام اور فوائد، شرائط مفرد مترجم، نبوت و رسالت، جیسے اہم موضوعات پر آپ کی تقریروں کا مجموعہ ہے۔ ۲۔ عالمِ برزخ :۔ حافظ جلال الدین سیوطیؒ کے قصیدے کی اردو شرح ہے جس میں عالمِ برزخ کے احوال و کوائف، عذاب قبر کا اثبات اور ملحدوں کا جواب اور دیگر اہم مباحث پر مفصل تحقیق ہے۔ ۳۔ مسئلہ تعلیم :۔ میں نصابِ تعلیم، علم کی حقیقت، مخلوط اور انگریزی تعلیم، فلسفۂ تعلیم، دار العلوم دیوبند اور علی گڑھ کالج کے معیارِ تعلیم وغیرہ اہم مباحث ہیں، جس کا مطالعہ ہر مدرس، طالب علم اور اربابِ تعلیم سب کے لئے مفید اور ضروری ہے۔

**مخزن فضائل و مسائل** | مرتب مولانا ظفر احمد قادری خطیب جامع مسجد ڈاگہ، لاہور۔ صفحات ۲۳۲ قیمت چھ روپے۔ نماز روزہ عشر و زکوٰۃ حج و قربانی صحابہ کرام اور درود شریف وغیرہ کے فضائل پر مؤثر اور رقت انگیز احادیث اور واقعات کا مجموعہ، مصنف کے تبلیغی رسائل کو یکجا کیا گیا ہے، گویا کتاب فضائل و مسائل کا مخزن ہے۔ مؤلف دار الحرب کی سرحدات پر ہیں، تو نظریاتی سرحدات کی حفاظت میں بھی کوشاں ہیں۔ ایسی انفرادی تبلیغی و اشاعتی مساعی بہت قابلِ قدر ہیں۔ (س ح)

**حکیم الامت تھانویؒ اکابر اور معاصرین کی نظر میں** | مصنف سید محمود حسن صاحب۔ ناشر: کتب خانہ مظہری


© rasailojaraid.com